## 21967 ـ نماز باجماعت ادا كرتے وقت زمين پر سجدہ نہيں كر سكتا

**سوال**

مجھے گھٹنوں ميں تكليف ہے، چنانچہ ميں بہت مشكل كے ساتھ گھٹنے دوہرے كرتا ہوں، اور جب نماز باجماعت ادا كروں تو صف ميں تنگى ہونے كى بنا پر زمين پر سجدہ نہيں كر سكتا، كيونكہ اس كے ليے مجھے بہت زيادہ حركت كرنا پڑتى ہے، اس ليے مجھے مجبورا ہوا ميں ہى سجدہ كرنا پڑتا ہے، اور جب ميں اكيلا نماز ادا كروں تو سات اعضاء كے ساتھ زمين پر سجدہ كرنا ممكن ہوتا ہے، ميرا سوال يہ ہے كہ كيا ميں مسجد ميں نماز باجماعت ادا كيا كروں، يا كہ گھر ميں اكيلا نماز ادا كر لوں ؟

**پسنديدہ جواب**

الحمد للہ.

آپ مسجد ميں نماز باجماعت ادا كريں، كيونكہ نماز باجماعت ادا كرنا فرض ہے، اور حسب استطاعت سجدہ كريں، چاہے اشارہ كے ساتھ ہى.

اور اس حالت ميں آپ سجدہ ترك كرنے والے شمار نہيں ہونگے.

شيخ عبد الرحمن البراك نے ہميں يہى جواب ديا ہے، جو بالمعنى بيان كر ديا گيا ہے.

واللہ اعلم .